آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

نیوز ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز جمعرات 05 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 213

امریکی وسط مدتی انتخابات ڈیموکریٹس نے کانگریس کے دونوں ایوانوں میں اکثریت حاصل کرلی

نتائج کے مطابق 435 رکنی ایوان نمائندگان میں ڈیموکریٹس کو 231 جبکہ ریپبلکنز کو 139 نشستوں پر برتری حاصل ہے۔ایوان نمائندگان کا کنٹرول حاصل کرنے کے لیے کسی بھی جماعت کو کم از کم 218 نشستیں درکار ہوتی ہیں

دوسری جانب امریکی سینیٹ کے ابتدائی نتائج کے مطابق ڈیموکریٹس کی نشستوں کی تعداد 54 ہوگئی ہے، جبکہ ریپبلکنز کے ارکان کی تعداد 44 ہوگئی ہے۔سینیٹ میں سادہ اکثریت کے لیے 100 میں سے 51 نشستیں درکار ہوتی ہیں



واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کے وسط مدتی انتخابات کے نتائج میں ڈیموکریٹس نے کانگریس کے دونوں ایوانوں میں اکثریت حاصل کرلی، جبکہ ریپبلکن امیدواروں کو مختلف نشستوں پر شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔امریکا میں وسط مدتی انتخابات کے نتائج آنے کا سلسلہ جاری ہے، ابتدائی نتائج کے مطابق ڈیموکریٹس نے ایوان نمائندگان اور سینیٹ میں مطلوبہ اکثریت حاصل

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایف بی آر نے سیلز ٹیکس رولز میں بڑی ترمیم کردی

کراچی (سی ایم لنکس) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے سیلز ٹیکس رولز میں ترمیم

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان اور آذربائیجان کی دوستی باہمی اعتماد اور غیر متزلزل یکجہتی کا مظہر ہے

وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ پاکستان اور آذربائیجان

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امریکا وسط مدتی انتخابات ڈیموکریٹس کو دونوں ایوانوں میں سادہ اکثریت حاصل

ٹرمپ نے شکست قبول کرلی

وہ انتخابی نتائج تسلیم کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں اور ڈیموکریٹس کے ساتھ تعاون کی راہ نکالیں گے، اپنے ایران جنگ کے فیصلے کو دانش مندانہ قرار دے دیا



واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کے وسط مدتی انتخابات میں ڈیموکریٹس پارٹی کو ایوان نمائندگان اور سینیٹ دونوں ایوانوں میں سادہ اکثریت حاصل ہوگئی، ٹرمپ نے ریپبلکن پارٹی کی شکست قبول کرتے ہوئے ڈیموکریٹس کے ساتھ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

معاشی استحکام ترجیح ہے، محمد اورنگزیب

اسے دوبارہ حاصل کرنے میں سالوں لگ جاتے ہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معاشی استحکام بنیادی ترجیح ہے۔معاشی استحکام کھونا آسان، اسے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

یوم نجات پر لوگوں کی خوشی قابل دید ہے، امیر مقام

پی ٹی آئی اپنی حکومت کی بحالی کے خواب دیکھ رہی ہیں لیکن انہیں کرپشن کا حساب دینا ہوگا

بگرام (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

غیر قانونی بھرتیوں کا الزام نیب اور ایف آئی اے نے فضل الرحمان کے بیٹے اسعد محمود کو طلب کرلیا

نیب راولپنڈی نے سابق وفاقی وزیر مواصلات اسعد محمود کو 10 نومبر کو صبح 11 بجے پیش ہونے کا نوٹس جاری کیا ہے

دوسری جانب ایف آئی اے کے اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد نے بھی اسعد محمود کو طلبی کا نوٹس جاری کردیا

ایف آئی اے پاکستان پوسٹ آفس میں بھرتیوں میں سنگین بے ضابطگیوں اور مبینہ بدعنوانی کی تحقیقات کررہا ہے



راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی احتساب بیورو (نیب) اور ایف آئی اے نے مولانا فضل الرحمان کے بیٹے اسعد محمود کو مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے معاملے پر طلب کرلیا۔نیب راولپنڈی نے سابق وفاقی وزیر مواصلات اسعد

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

روٹس اور بس اسٹاپس کی منصوبہ بندی میں شہریوں کی آمدورفت اور سفری ضروریات کو مدنظر رکھا جائیگا

سروس کے موثر آغاز کیلئے تمام ضروری انتظامی، تکنیکی اور آپریشنل تقاضے بروقت مکمل کیے جائیں، کمشنر

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے بہاولپور میں الیکٹرک بس سروس کے مجوزہ روٹس، بس اسٹاپس کی تعمیر، نئی موصول ہونے والی بسوں کو آپریشنل کرنے اور دیگر انتظامی و تکنیکی امور کے جائزہ بارے دورہ کیا۔ اس موقع پر انہیں الیکٹرک بس سروس کے مجوزہ روٹس، بس

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی کابینہ کا اجلاس کرنسی نوٹوں کے نئے ڈیزائن سکہ متعارف کرانے کی منظوری

10 روپے کے نوٹ کی جگہ

وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں انتظامی امور کی سہل انجام دہی اور گورننس کی مزید بہتری کیلئے وزیراعلیٰ کو تفویض شدہ اختیارات کی صوبے میں ایمرجنسی کی مدت کے دوران روزمرہ کے امور کی انجام دہی کیلئے گورنر خیبر پختونخوا کو منتقلی کی منظوری دے دی

وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں انتظامی امور کی سہل انجام دہی اور گورننس کی مزید بہتری کیلئے وزیراعلیٰ کو تفویض شدہ اختیارات کی صوبے میں ایمرجنسی کی مدت کے دوران روزمرہ کے امور کی انجام دہی کیلئے گورنر خیبر پختونخوا کو منتقلی کی منظوری دے دی۔وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا، وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں انتظامی امور کی سہل انجام دہی اور گورننس کی مزید بہتری کیلئے وزیراعلیٰ کو تفویض شدہ اختیارات کی صوبے میں ایمرجنسی کی مدت کے دوران روزمرہ کے امور کی انجام دہی کیلئے گورنر خیبر پختونخوا کو منتقلی کی منظوری دے دی۔گورنر خیبر پختونخوا ایسے تمام اختیارات کے استعمال کے حوالے سے ہر ماہ وفاقی حکومت کو جائزہ رپورٹ پیش کریں گے .وفاقی کابینہ نے فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ خیبر پختونخوا

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



ماہ اکتوبر 2026 میں بہاولپور پولیس کی اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں

50 مقدمات درج کرتے ہوئے 50 ملزمان ملزمان کو گرفتار کرکے پابند سلاسل کیا

بہاولپور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کے احکامات، ماہ اکتوبر 2026 میں بہاولپور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری

20 سے زائد شہریوں نے شرکت کرکے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کمشنر عرفان علی کاٹھیا کی زیر صدارت اون سورس ریونیو ڈویلپمنٹ ڈویژنل کمیٹی کا اجلاس

اجلاس میں ڈویژن بھر کی مجموعی طور پر 12 ترقیاتی اسکیموں کی منظوری کے لیے تجاویز پیش کی گئیں، جن کا تخمینہ لاگت ایک ارب 33 کروڑ 14 لاکھ روپے ہے

اجلاس میں ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے شرکت کی، جبکہ ڈپٹی کمشنر بہاولنگر اور ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان اور ڈویژن بھر کے اسسٹنٹ کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی



بہاولپور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا اون سورس ریونیو ڈویلپمنٹ ڈویژنل کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا بھی موجود ہیں۔

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا کی زیر صدارت اون سورس ریونیو ڈویلپمنٹ ڈویژنل کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈویژن بھر کے تینوں اضلاع بہاول پور، بہاولنگر اور رحیم یار خان میں جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے شرکت کی، جبکہ ڈپٹی کمشنر بہاولنگر سید محمد عباس شاہ اور ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان ظہیر انور چنہ اور ڈویژن بھر کے اسسٹنٹ کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کولڈ ڈرنک کی بوتل میں تیزاب رکھنے کی غفلت

تین سالہ بچہ متاثر، جھانگڑہ شرقی میں افسوسناک واقعہ

واش روم کی صفائی میں استعمال ہونے والا تیزاب بچے نے غلطی سے پی لیا، ریسکیو 1122 نے ابتدائی طبی امداد فراہم کی

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) اوچ شریف کے نواحی علاقے جھانگڑہ شرقی میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں کولڈ ڈرنک کی بوتل میں محفوظ واش روم کی صفائی کے لیے استعمال ہونے والا تیزاب پینے سے تین سالہ بچہ متاثر ہو گیا۔ واقعے نے گھروں میں خطرناک کیمیکل محفوظ رکھنے کے حوالے سے حفاظتی اقدامات کی اہمیت کو اجاگر کر دیا۔ ریسکیو 1122 کی رپورٹ کے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



اوچ شریف: جھانگڑہ شرقی میں کولڈ ڈرنک کی بوتل میں رکھا تیزاب پینے سے تین سالہ بچہ متاثر، ریسکیو 1122 نے ابتدائی طبی امداد فراہم کردی

سمہ سٹہ گرین الیکٹرک بس کا سٹاپ بحال کروانا خوش آئند

طلبا وطالبات مزدور پیشہ اور متوسط طبقہ مستفید ہورہے ہیں

تھانہ سمہ سٹہ کو واپس اپنی جگہ منتقل کرکے تھانہ سمہ سٹہ کی حدود دو دیگر مواضعات کے عوام کو ناکام حق دیکر سہولت میسر کی جائے

سمہ سٹہ (افتخار احمد علوی) گرین الیکٹرک بس کا سٹاپ بحال کروانا بہت خوش آئند ہے جس سے طلبا وطالبات مزدور پیشہ طبقہ اور متوسط طبقہ سب ہی اس سے مستفید ہورہے ہیں تمام شخصیات جنہوں نے سوشل میڈیا پر آواز بلند کی گرین بس کے سٹاپ بحال کروانے پر بھرپور احتجاج کئے اور ضلعی انتظامیہ کی توجہ مبذول کروائی اور جنہوں نے (mna) اور (MPA) صاحبان سے فون پر

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاولپور: چیئرمین بورڈ انتظامی امور بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، سیکرٹری بورڈ محترمہ ثوبیہ سلطانہ چوہدری بھی ہمراہ ہیں۔

شعبہ اپلائیڈ سائیکالوجی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے پاکستان سائیکالوجیکل ایسوسی ایشن کے تعاون سے

دماغی صحت کے مہینے کی مناسبت سے ایک جامع سرگرمی کا انعقاد کیا

اس موقع پر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور اور یمن یونیورسٹی ملتان اور یونیورسٹی آف سدرن پنجاب ملتان کے درمیان علمی تعاون تحقیق کے

مواقعوں پیشہ ورانہ ترقی اور نفسیات اور متعلقہ شعبوں میں ادارہ جاتی شراکت داری کو فروغ دینے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے

بہاول پور (پ ر) شعبہ اپلائیڈ سائیکالوجی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے پاکستان سائیکالوجیکل ایسوسی ایشن کے تعاون سے دماغی صحت کے مہینے کی مناسبت سے ایک جامع سرگرمی کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آئی جی پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین اور اہلخانہ کی ملاقات

مسائل کے حل کیلئے فوری احکامات

لاہور (سی ایم لنکس) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاولپور: کمشنر عرفان علی کاٹھیا اور ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کو الیکٹرک بسوں کے روٹس اور بس سٹاپس کے بارے بریفنگ دی جارہی ہے۔

مولانا محمد احمد جالندھری کی جواں سال صاحبزادی انتقال کرگئیں

نماز جنازہ آج بروز جمعرات صبح نو بجے ادا کیا جائیگا

مولانا ذیشان جالندھری کی ہمشیرہ تھیں، ادارہ روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ کا اظہار رنج وغم، سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں



احمد پور شرقیہ (سٹاف رپورٹر) یہ خبر انتہائی رنج وغم کے ساتھ سنی اور پڑھی جائے گی کہ تحریک انٹرنیشنل ختم نبوت کے ضلعی صدر اور ممبر ضلعی امن کمیٹی بہاول پور مولانا محمد احمد جالندھری کی جواں سال صاحبزادی انتقال کر گئیں انا للہ وانا الیہ

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جامع عمر بن عبدالعزیز ٹرسٹ، احمد پور شرقیہ میں بروز منگل کو سنن نسائی جلد اول کی تکمیل

معززین شہر، وسماجی شخصیات نے فضیل الشیخ محمد وقاص شیخ کی علمی وتدریسی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا

احمد پور شرقیہ (اسپیشل رپورٹر) جامع عمر بن عبدالعزیز ٹرسٹ، احمد پور شرقیہ میں بروز منگل کو سنن نسائی جلد اول کی تکمیل ہوئی۔ اس بابرکت موقع پر معززین شہر، سیاسی وسماجی شخصیات نے فضیل الشیخ محمد وقاص شیخ حفظہ اللہ کی علمی وتدریسی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا، اور کہا کہ اللہ تعالیٰ شیخ محترم کے علم وعمل میں برکت عطا فرمائے، صحت وعافیت کے ساتھ عمر دراز عطا فرمائے اور ان کی علمی خدمات کو قبول فرمائے۔

ایل این جی کے 2 اسپاٹ کارگوز کی خریداری کیلئے ٹینڈر جاری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) لیکویفائیڈ نیچرل گیس (ایل این جی) کے 2 اسپاٹ کارگوز کی خریداری کے لیے ٹینڈر جاری کردیے گئے۔ اسلام آباد سے ٹینڈر پاکستان ایل این جی لمیٹڈ (پی ایل ایل) کی طرف سے جاری کیے گئے ہیں۔ پی ایل

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سڑک کی تعمیر میں اعلیٰ معیار کا تعمیراتی میٹریل استعمال کیا جائے

اور کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے، کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے بندرہ پلی سے سہولت بازار تک زیر تعمیر میٹل روڈ کا معائنہ کیا اور سڑک کی تعمیر میں استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل، جاری کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا اور ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ملک محبوب الٰہی کھر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ کمشنر

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے انخلاء کی مہم

محکمہ داخلہ پنجاب کے فارن نیشنل سکیورٹی ونگ کی موثر کارروائیاں جاری

لاہور (سی ایم لنکس) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے انخلاء کی مہم میں محکمہ داخلہ پنجاب کے فارن نیشنل سکیورٹی ونگ کی مؤثر کارروائیاں جاری ہیں۔ حکومتی پالیسی کے مطابق غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کو گرفتار کرکے ہولڈنگ سینٹرز منتقل کیا جارہا ہے جہاں ضروری دستاویزی عمل مکمل

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ون کانسٹیٹیوشن منصوبے کے متاثرین کو معاوضہ ادا کیا جائے گا

وفاقی وزیر وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ون کانسٹیٹیوشن منصوبے کے متاثرین کو معاوضہ ادا کیا جائے گا۔ وزیر اطلاعات عطا تارڑ اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے احسن اقبال کا کہنا تھا کہ کہ وزیراعظم نے ون

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاولپور: ڈی پی او رانا عبدالوہاب کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل دریافت کرنے کے بعد ان کے حل کیلئے احکامات جاری کررہے ہیں۔

پاکستان پوسٹ آفس میں مبینہ غیر قانونی بھرتیاں

نیب نے مولانا فضل الرحمن کے بیٹے اسعد محمود کو طلب کرلیا

راولپنڈی (سی ایم لنکس) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کے صاحبزادے اور سابق وفاقی وزیر مواصلات اسعد محمود کو مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے معاملے پر قومی احتساب بیورو (نیب) نے طلب کرلیا۔ نیب راولپنڈی نے اسعد محمود کو 10 نومبر کو صبح 11 بجے پیش ہونے کا نوٹس جاری کردیا۔ نوٹس کے مطابق

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایف اے ایز ایئر ٹو ایئر میزائل کا کامیاب ٹیسٹ دفاعی خودمختاری کی جانب اہم سنگ میل ہے

وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کا مقامی طور پر تیار

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور کی عوام نے بہاولپور صوبے کی بحالی کے لیے 3 ریفرنڈم کروائے پہلا ریفرنڈم 24 اپریل 1970 کو جس میں عوام کو جیلوں میں جانا پڑا

تیسرا ریفرنڈم 11 اپریل 2011 کو ہوا جہاں صادق گڑھ پیلس میں اپنا فیصلہ سنا دیا تھا محمد اکرم انصاری، سید غلام مجتبیٰ بخاری اور ارشاد احمد شاد جان محمد چوھان

احمد پور شرقیہ (تحصیل رپورٹر) بہاولپور کی عوام نے بہاولپور صوبے کی بحالی کے لیے 3 ریفرنڈم کروائے پہلا ریفرنڈم 24 اپریل 1970 کو جس میں عوام کو جیلوں میں جانا پڑا کوڑے کھائے آنسو گیس لاٹھی چارج اور گولی کا مقابلہ کیا ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز جان محمد چوھان سے تحریک بحالی صوبہ بہاولپور کے بانی محمد اکرم انصاری نے گفتگو میں بتایا اس موقع پر رہنما

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



گزشتہ روز جان محمد چوھان سے تحریک بحالی صوبہ بہاولپور کے بانی محمد اکرم انصاری سے گفتگو میں بتایا اس موقع پر مجتبیٰ بخاری، ارشاد احمد شاد موجود تھے۔

وزیراعلیٰ مریم نواز حسن ابدال کے نواحی علاقے میں ریٹائرڈ حوالدار کے گھر پہنچ گئیں

اپنی چھت، اپنا گھر کے تحت بننے والے مکان کا علامتی افتتاح کیا

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ریٹائرڈ حوالدار اعتبار شاہ کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور انہیں نئے گھر کی مبارکباد پیش کی

لاہور (نگار) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے عالمی شہرت یافتہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام پنجاب کے بے گھر خاندان کے لئے امید کی روشن کرن بن رہا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنی چھت، اپنا گھر کیلئے سوا دو لاکھ لون کا ٹارگٹ پورا ہونے پر اظہار مسرت کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف حسن ابدال کے نواحی علاقے میں

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حکومت پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں کا بوجھ عوام پر منتقل ہونے سے روکنے کیلئے ہر ممکن اقدام کررہی ہے

ایل این جی مافیا کا دور ختم ہوچکا ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی وفاقی کابینہ کے اجلاس میں گفتگو

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن واستحکام کے قیام اور کشیدگی میں کمی کے لئے مخلصانہ سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے، عالمی سطح پر پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں کا بوجھ عوام پر منتقل ہونے سے روکنے کے لئے حکومت ہر ممکن اقدامات کررہی ہے، ملک میں فیول سبسڈی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شعبہ اپلائیڈ سائیکالوجی کے زیر اہتمام دماغی صحت کے مہینے کی مناسبت سے آگاہی سیشن کے موقع پر وائس چانسلر آئی یو بی پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران وائس چانسلر گورنمنٹ صادق کالج بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر سیدہ شاہدہ بتول اور دیگر شرکاء کے ہمراہ۔

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

E-TENDER NOTICE

The **THQ HOSPITAL HASILPUR, DISTRICT BAHAWALPUR** sealed tender are invited from well reputed and financially strong companies / firms / authorized distributors and experienced Suppliers, registered with income tax (Filler) and sales tax (Active) departments for "the frame work rate contract of the following items for the **Financial year 2026-2027** under Punjab Procurement Rules 2014.

ITEM	DESCRIPTION	Estimated Cost	Bid Security (2%)	Opening Date of all Lot (Technical)
LOT-I	Local Purchase of Medicines, Surgical & Disposable Items including SSP	20,00,000	2%	20.11.2026 11:30am
LOT-II	Framework Contract for purchase of DialysisUnit Items / Medicines	20,00,000	2%	
LOT-III	Medical Devices & Surgical Disposable Items on MR Basis	10,00,000	2%	
LOT-IV	Framework Contract for purchase of Medical Gases	40,00,000	2%	
LOT-V	Framework Contract for purchase of Stationery items	1,000,000	2%	
LOT-VI	Framework Contract for purchase of General Store items / Misc. Items	1,00,000,00	2%	
LOT-VII	Framework Contract for purchase of Printing Items	3,000,000	2%	
LOT-VIII	Framework Contract for purchase of Linen items	25,00,000	2%	
LOT-IX	Framework Contract for purchase of Laboratory items	30,00,000	2%	
LOT-X	Framework Contract for purchase of Dental items	10,00,000	2%	
LOT-XI	Framework Contract for purchase of X-ray items / Radiology Accessories	20,00,000	2%	

Date & Time Submission of Tender / Bid	20.11.2026 at 11:00am
Date & Time of Opening of Tender	20.11.2026 at 11:30am

Place of Submission of Bids: Office of the Medical Superintendent THQ Hospital Hasilpur

2. Bidding shall be conducted through Open competitive bidding **(Single stage-two Envelope)** procedures specified in the Punjab procurement rules PPRA 2014 (amended Jan 2016), and is open to all eligible bidders as defined in the bidding document.
3. Bidding Documents must be accompanied by a bid security valid for 120 days in the form of CDR, pay order, Demand n Draft, from a scheduled bank of Pakistan.
4. Bids which are incomplete, un-sealed, un- satisfied and un- stamped or not in accordance with the specified rules/ mode will not be considered.
5. The bidders are requested to give their best and final prices as no negotiations are expected as per PPRA Rules.
6. Taxes will be deducted as per applicable government rules. **NTN and Sales Tax Registration certificate** must be provided.
7. The detail terms & conditions may be seen in the bidding documents on PPRA and Punjab e procurement system (eP) Website www.ppra.punjab.com.pk and http://ep.punjab.gov.pk.
(All the procuring process shall be through Punjab e-Procurement System (eP) according to newly notified Punjab E-Procurement Rule 3A of PPRA-2014).

MEDICAL SUPERINTENDENT
TEHSIL HEAD QUARTER HOSPITAL HASILPUR

IPB-764

بقیہ نمبر 01

کرلی ہے۔نتائج کے مطابق 435رکنی ایوان نمائندگان میں ڈیموکریٹس کو 231 جبکہ ریپبلکنز کو 139 نشستوں پر برتری حاصل ہے۔ ایوان نمائندگان کا کنٹرول حاصل کرنے کے لیے کسی بھی جماعت کو کم از کم 218 نشستیں درکار ہوتی ہیں۔دوسری جانب امریکی سینیٹ کے ابتدائی نتائج کے مطابق ڈیموکریٹس کی نشستوں کی تعداد 54 ہوگئی ہے، جبکہ ریپبلکنز کے ارکان کی تعداد 44 ہوگئی ہے۔ سینیٹ میں سادہ اکثریت کے لیے 100 میں سے 51 نشستیں درکار ہوتی ہیں۔

بقیہ نمبر 02

کے مابین تعلقات اخوت، باہمی اعتماد اور غیر مشروط یکجہتی کی مضبوط بنیادوں پر قائم ہیں، دونوں برادر ممالک نے ہر عالمی فورم پر ایک دوسرے کے اصولی موقف کی ہمیشہ غیر متزلزل حمایت کی ہے اور یہ تاریخی رشتے اب تجارت، سرمایہ کاری، دفاع اور بالخصوص ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے جدید میدانوں میں ایک فعال شراکت داری کی صورت اختیار کر چکے ہیں۔ وہ بدھ کو اسلام آباد میں جمہوریہ آذربائیجان کے ''یوم فتح'' کی سالگرہ کے موقع پر منعقدہ پروقار تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کر رہی تھیں۔ آذربائیجان کے سفیر عرفان داؤدوف کی میزبانی میں منعقد ہونے والی اس تقریب میں کمانڈر آرمی ایئر ڈیفنس لیفٹیننٹ جنرل سرفراز، وفاقی کابینہ کے ارکان، اراکین پارلیمنٹ، دوست ممالک کے سفیروں، سینئر عسکری وسول حکام اور ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر شزا فاطمہ خواجہ نے حکومت اور عوام پاکستان کی جانب سے آذربائیجان کے صدر الہام علیوف، آذری حکومت اور عوام کو یوم فتح پر دلی مبارکباد پیش کی اور نو تعینات سفیر عرفان داؤدوف کو پاکستان میں ذمہ داریاں سنبھالنے پر خوش آمدید کہا۔ شزا فاطمہ خواجہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ آذربائیجان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی غیر مشروط حمایت کی ہے جبکہ باکو نے بھی عالمی فورمز پر مقبوضہ کشمیر کے تنازع سمیت ہر بین الاقوامی معاملے میں پاکستان کے موقف کی بھرپور تائید کی ہے۔ انہوں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی باکو میں یوم فتح کی پریڈ میں تاریخی شرکت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے ترانوں کی گونج اور افواج کے اشتراک نے دنیا پر باہمی اتحاد ثابت کیا۔ وفاقی وزیر نے ڈیجیٹل تعاون پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ صدر آذربائیجان کی جانب سے اسلام آباد میں قائم کردہ ''آسان خدمت مرکز'' برادرانہ تعلقات کی ایک روشن مثال ہے جس کے ذریعے شہریوں کو ایک ہی چھت تلے تمام تر سرکاری خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔ حکومت اس جدید ماڈل کو آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا اور ملک بھر میں وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے جولائی 2024ء میں دونوں ممالک کے درمیان انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجیز (آئی سی ٹی) کے مفاہمتی معاہدے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹل معیشت، ٹیلی کام اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں دونوں ممالک کی پیش رفت انتہائی حوصلہ افزا ہے۔ تقریب کے اختتام پر وفاقی وزیر نے آذربائیجان کی مسلسل ترقی، خودمختاری اور امن واستحکام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے نعرہ لگایا ''پاکستان آذربائیجان دوستی زندہ باد!''۔

بقیہ نمبر 03

کرتے ہوئے گھریلو الیکٹریکل سامان کا دائرہ کار وسیع کر دیا، جس کے تحت نئی اشیاء پر ٹیکس سٹیمپ لگانا لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ایئر کنڈیشنر، فریج، فریزر، واشنگ مشین اور ٹیلی ویژن کو نئے قواعد میں شامل کیا گیا ہے، جبکہ سٹوریج بیٹریوں پر بھی ان قواعد کا اطلاق ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق درآمدی سامان پر بھی ٹیکس سٹیمپ لگانا اور اسے فعال کرنا لازمی ہوگا، ٹیکس سٹیمپ کے بغیر درآمدی اشیاء کی کسٹم کلیئرنس نہیں ہو سکے گی، جبکہ سٹیمپ کی تنصیب اور ایکٹیویشن کلیئرنس سے قبل کرنا ضروری ہوگا۔ ایف بی آر کے مطابق ریٹیل اور آٹو کمپنیوں کو سپلائی کی جانے والی اسٹوریج بیٹریاں بھی نئے قواعد کے دائرے میں شامل ہوں گی، تاہم بیٹریوں کے پرزوں پر ان قواعد کا اطلاق نہیں ہوگا، سرکاری ملکیتی اداروں (سٹیٹ اونڈ انٹرپرائزز) کو بھی نئے رولز میں شامل کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ ٹیکس سٹیمپ مصنوعات اور ان کی پیکنگ دونوں پر لگایا جائے گا، ایک لائسنس صرف ایک مخصوص پروڈکٹ کے لیے قابل استعمال ہوگا اور لائسنس ہولڈر کسی دوسری پروڈکٹ کی ٹریکنگ نہیں کر سکے گا، جبکہ پہلے سے جاری لائسنس بھی اسی پابندی کے تابع ہوں گے۔ ایف بی آر نے لائسنس کے حصول کے لیے صرف کمپنی ہونے کی شرط ختم کر دی ہے، اب کوئی بھی اہل درخواست گزار لائسنس حاصل کر سکے گا، لائسنس ہولڈر کے لیے ٹیکس اسٹیمپ سسٹم کی تنصیب اور مرمت کی ذمہ داری بھی لازمی قرار دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ٹریکنگ سسٹم کا تمام ڈیٹا حکومت پاکستان کی ملکیت ہوگا، جبکہ لائسنس کی مدت ختم ہونے پر متعلقہ ڈیٹا اور کوڈز ایف بی آر کے حوالے کرنا ہوں گے۔

بقیہ نمبر 04

مل کر کام کرنے پر آمادگی ظاہر کر دی۔ امریکی میڈیا کے مطابق امریکا کے مڈٹرم الیکشن) وسط مدتی انتخابات (میں امریکی صدر ٹرمپ کی جماعت ری پبلکن کو ہزیمت کا سامنا ہے جب کہ ڈیموکریٹس نے دونوں ایوانوں میں سادہ اکثریت حاصل کرلیا امریکی میڈیا کے مطابق ڈیموکریٹس پارٹی کو ایوان نمائندگان میں 241 نشستوں کے ساتھ برتری حاصل ہے جب کہ ری پبلکن کو 149 نشستیں پر برتری ملی جب کہ سادہ اکثریت کے لیے 435 کے ایوان میں سے 218 نشستیں درکار ہوتی ہیں۔ اسی طرح سینیٹ میں ڈیموکریٹس کو ان انتخابات میں 20 نشستیں مل گئیں جس کے بعد ڈیموکریٹس کی نشستوں کی تعداد 54 ہوگئی، ری پبلکن پارٹی کو 13 نشستوں پر کامیابی ملی اور ان کی نشستوں کی تعداد 44 ہوگئی جب کہ سینیٹ میں سادہ اکثریت کے لیے 100 میں سے 51 نشستیں درکار ہوتی ہیں۔ دریں اثنا نتائج کو دیکھتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے شکست قبول کرنے کا اعلان کر دیا۔ نیویارک ٹائمز کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ انتخابی نتائج تسلیم کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں اور ڈیموکریٹس کے ساتھ تعاون کی راہ نکالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپوزیشن کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں اور ممکن ہے کہ دونوں فریق کسی سمجھوتے تک پہنچ جائیں۔ ٹرمپ نے ریپبلکن امیدواروں کی شکست کا جواز پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کا نام بیلٹ پر موجود نہ ہونے کی وجہ سے پارٹی کی کارکردگی متاثر ہوئی۔ ان کے بقول اگر وہ خود انتخاب لڑ رہے ہوتے تو نتائج مختلف ہو سکتے تھے۔ امریکی صدر نے ان ریپبلکن امیدواروں کی حمایت کے اپنے فیصلے کا بھی دفاع کیا جو سینیٹ کی نشستیں حاصل کرنے میں ناکام رہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں ان امیدواروں کی حمایت کرنے پر کوئی پچھتاوا نہیں۔ انٹرویو میں ٹرمپ نے ایران کے خلاف جنگ شروع کرنے کے اپنے فیصلے کو بھی درست قرار دیا اور اسے ایک دانشمندانہ فیصلہ قرار دیا۔ دوسری جانب انتخابی نتائج کے بعد انہوں نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر لکھا کہ وہ امیدواروں کی کامیابی اور ناکامی کی وجوہات کا تجزیہ کریں گے۔ انہوں نے خود کو سیاسی مبصر کے طور پر پیش کرنے کا عندیہ بھی دیا۔ ٹرمپ نے ایک سرخ ٹوپی کی تصویر بھی شیئر کی جس پر لفظ ویٹو درج تھا۔ اس کے ذریعے انہوں نے اپنے اس سابقہ مقف کا اعادہ کیا کہ اگر ڈیموکریٹس کانگریس میں قانون سازی کے لیے اقدامات کریں گے تو وہ صدارتی ویٹو کا اختیار استعمال کر سکتے ہیں۔ ریپبلکن امیدواروں کی شکست کے باوجود ٹرمپ نے اپنی دوسری صدارتی مدت کے ابتدائی دو برسوں پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ انہیں اپنے اقدامات پر کوئی افسوس نہیں۔

بقیہ نمبر 05

دوبارہ حاصل کرنے میں 4-5 سال لگ جاتے ہیں۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو بریفنگ دیتے ہوئے وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ مہنگے، قلیل مدتی کی جگہ 5 سے 10 سالہ طویل مدتی قرضے لے رہے ہیں۔ قلیل مدتی مہنگے قرضوں کی ادائیگی کر کے قرضوں کی مدت بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا بڑا مسئلہ قرضوں کی واپسی اور رول اوور کا خطرہ رہا ہے۔ ہر 3 ماہ بعد بینکوں سے قرضوں کی ری فنانسنگ کرنا پڑتی تھی۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ مالیاتی نظم وضبط کے باعث پاکستان کے معاشی اشاریوں میں نمایاں بہتری آئی۔ پاکستان کا مالیاتی خسارہ ساڑھے 12 فیصد سے کم ہو کر 2.5 فیصد پر آ گیا ہے۔ گزشتہ مالی سال کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ جی ڈی پی کا صرف 0.1 فیصد رہا، گزشتہ مالی سال کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 30 کروڑ ڈالر رہا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ رواں مالی سال کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ صفر سے 1 فیصد رہنے کی توقع ہے۔ معاشی ترقی کے ساتھ درآمدات بڑھنے سے کرنٹ اکاؤنٹ پر اثر پڑتا ہے۔ اپنی بریفنگ کے دوران وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے کے باعث درآمدی بل پر دباؤ آیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ زرمبادلہ ذخائر تاریخ کی بلند ترین سطح 21.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئے ہیں۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ معاشی استحکام برقرار رکھنا بنیادی ترجیح ہے۔ معاشی استحکام کھونا آسان، اسے دوبارہ حاصل کرنے میں 4-5 سال لگ جاتے ہیں۔ گزشتہ سیلاب کے بعد پاکستان نے اپنے مالی وسائل سے امداد اور بحالی کے اقدامات کیے۔ مالی گنجائش موجود ہو تو امداد اور بحالی کیلئے اپنے وسائل استعمال کرنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 7 سے 8 ماہ کے دوران ملک میں لیکویڈیٹی کی کوئی کمی نہیں ہوئی۔ نقدی کی قلت یا امن وامان کی کوئی غیر معمولی صورتحال پیدا نہیں ہوئی۔ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ بی مائنس سے بہتر ہو کر بی ہو گئی۔ آئندہ مالی سال کے آغاز تک بی پلس ریٹنگ حاصل کرنے کی خواہش ہے۔ ہدف بی پلس سے آگے بڑھ کر ڈبل بی کریڈٹ ریٹنگ کی کیٹیگری میں داخل ہونا ہے۔ پاکستان کی بہترین خودمختار کریڈٹ ریٹنگ ماضی میں بی پلس رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال بیرونی قرضوں کی ادائیگی پر ساڑھے 4 ارب ڈالر خرچ ہوئے۔ رواں مالی سال بیرونی قرضوں کی ادائیگیاں تقریباً 4 ارب ڈالر رہنے کا امکان ہے۔ آئندہ مالی سال بیرونی قرضوں کی ادائیگیاں کم ہو کر ساڑھے 3 ارب ڈالر رہنے کی توقع ہے۔ بیرونی قرضوں پر انحصار کم کرنا حکومت کی معاشی حکمت عملی کا اہم حصہ ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ درآمدات میں اضافے سے کرنٹ اکاؤنٹ اور ادائیگیوں کے توازن پر دباؤ آ سکتا ہے۔ دوبارہ عالمی قرض دہندگان کے پاس جانے سے بچنے کیلئے محتاط پالیسی اپنا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عالمی معیشت میں استحکام کے باوجود بڑی معیشتوں کا مستقبل تشویشناک دکھائی دے رہا ہے۔ یورپی ممالک بھی اس وقت معاشی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ خلیجی ممالک کیساتھ پاکستان کے تعلقات اور تعاون اہمیت کے حامل ہیں۔

بقیہ نمبر 06

امور کشمیر، گلگت بلتستان وسیفران اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ یوم نجات پر لوگوں کی خوشی قابل دید ہے، عوام نے گزشتہ پی ٹی آئی کی حکومت کو مسترد کر دیا ہے، پی ٹی آئی اپنی حکومت کی بحالی کے خواب دیکھ رہی ہیں لیکن انہیں کرپشن کا حساب دینا ہوگا، ہم عوام کے توقعات پر پورا اتریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی 14 سالہ حکومت کے خاتمے پر بٹگرام میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام کی قیادت میں بٹگرام، خیبر پختونخوا میں عظیم الشان عوامی جلسے کا انعقاد کیا گیا جس میں ہزاروں لیگی کارکنوں اور شہریوں نے شرکت کی۔ جلسہ خیبر پختونخوا میں پاکستان تحریک انصاف کی 14 سالہ حکمرانی کے خاتمے کی خوشی میں ''یوم تشکر'' کے طور پر منعقد کیا گیا۔ جلسے میں شریک عوام اور کارکنوں نے انجینئر امیر مقام، قائد مسلم لیگ (ن) میاں محمد نواز شریف، وزیراعظم محمد شہباز شریف، وزیراعلیٰ پنجاب اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر و پاک فوج کے حق میں پر جوش نعرے لگائے جبکہ امن، ملکی سلامتی اور استحکام کے حق میں بھی آوازیں بلند ہوتی رہیں۔ شرکاء نے صوبے کو درپیش مسائل اور عوامی مشکلات پر اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے سابقہ حکومت کے طرز حکمرانی کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انجینئر امیر مقام کی قیادت میں منعقدہ اس عوامی اجتماع میں مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں نے بھرپور جوش و جذبے کا مظاہرہ کیا۔ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا کہ بٹگرام کے بہادر لوگ ہیں، یہاں پر عوام کے سمندر نے باہر ممالک سے جعلی بیانیہ بنانے والے یوٹیوبرز کو غلط ثابت کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ نااہل حکومت سے نجات پر لوگوں کی خوشی قابل دید ہے۔ میں اس نااہل حکومت کے خاتمے پر سب کو مبارکباد دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہم عوام کے توقعات پر پورا اتریں گے۔ انہوں نے کہا کہ 2005 کے ہولناک زلزلے کے دوران میں آپ کے ساتھ کھڑا تھا اور میں شاہد ہوں کہ ہماری افواج عوام کی خدمت میں فرنٹ لائن پر موجود تھیں۔ ہماری افواج نے اس ملک کیلیے بے پناہ قربانیاں پیش کی ہیں۔ ہماری بہادر افواج نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن کو شکست دے کر ان کے غرور کو خاک میں ملا دیا۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا کہ ہزارہ موٹروے عوام کیلیے میاں محمد نواز شریف کا تحفہ ہے جس سے فاصلہ کم ہوا۔ وفاقی وزیر نے بجلی اور سڑکوں سمیت مختلف مسائل کے حل کی یقین دہانی کراتے ہوئے بجلی کے اپ گریڈیشن کیلیے 10 کروڑ روپے کا اعلان بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ سڑکوں کی اپ گریڈیشن کیلیے چیئرمین نیشنل ہائی وے اتھارٹی سے بھی بات کریں گے۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا کہ پی ٹی آئی اپنی حکومت کی بحالی کے خواب دیکھ رہی ہیں لیکن انہیں کرپشن کا حساب دینا ہوگا کیونکہ ہم نے بھی پی ٹی آئی کے دور حکومت میں سامنا کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یہاں پر زیادہ تعداد نوجوانوں کی ہے، میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ان 14 سالوں میں آپ کیلیے کیا کیا۔ اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما سردار شاہجہاں یوسف اور دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 07

اسٹاپس کی تعمیر اور آپریشنل انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر نے بتایا کہ بہاولپور میں الیکٹرک بس سروس کے لیے مجموعی طور پر چار روٹس مختص کیے گئے ہیں، جبکہ منصوبے کے تحت 138 مقامات پر بس اسٹاپس تعمیر کیے جائیں گے۔ سڑک کے دونوں اطراف بس اسٹاپس کی ضرورت کے پیش نظر ان کی مجموعی تعداد 276 ہوگی۔ اب تک 31 بس اسٹاپس کی تعمیر مکمل کی جا چکی ہے جبکہ دیگر اسٹاپس کی تعمیر اور متعلقہ انتظامات پر کام جاری ہے۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے ہدایت کی کہ بس اسٹاپس کی تعمیر اور دیگر انتظامی امور مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ شہریوں کو جلد از جلد جدید سفری سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کہا کہ روٹس اور بس اسٹاپس کی منصوبہ بندی میں شہریوں کی آمد ورفت اور سفری ضروریات کو مدنظر رکھا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سروس کے موثر آغاز کے لیے تمام ضروری انتظامی، تکنیکی اور آپریشنل تقاضے بروقت مکمل کیے جائیں۔ دورے کے دوران حال ہی میں موصول ہونے والی 13 نئی الیکٹرک بسوں کو آپریشنل کرنے کے انتظامات اور بہاول پور الیکٹرک بس ڈپو کی تعمیر پر پیش رفت کا معائنہ کیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ملک محبوب الٰہی کھر، اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی اقراء مبین، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی ثناء اللہ اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 08

محمود کو 10 نومبر کو صبح 11 بجے پیش ہونے کا نوٹس جاری کیا ہے۔ نوٹس کے مطابق اسعد محمود کے دور وزارت 2022 تا 2023 پاکستان پوسٹ آفس میں بے ضابطگیوں کی تحقیقات جاری ہیں، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے پاکستان پوسٹ آفس میں 3,938 آسامیوں پر بھرتیوں کی اجازت دی لیکن مبینہ طور پر 4,252 افراد بھرتی کیلئے، کابینہ کمیٹی کی ہدایات کے خلاف 2,646 ختم شدہ آسامیوں پر بھرتیاں کی گئیں۔ نیب کے نوٹس میں کہا گیا کہ کنٹریکٹ بنیادوں پر ٹیسٹنگ ایجنسی کے ذریعے بھرتیوں کی سفارش کے باوجود مستقل تقرریاں کی گئیں۔ نوٹس میں جعلی اور بوگس دستاویزات، زائد العمر امیدواروں کی بھرتی اور ڈومیسائل کوٹے کی خلاف ورزیوں کے بھی الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ دوسری جانب ایف آئی اے کے اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد نے بھی اسعد محمود کو طلبی کا نوٹس جاری کر دیا۔ ایف آئی اے نے اسعد محمود کو 2 نومبر کو صبح 11 بجے اپنا بیان ریکارڈ کرانے کے لیے طلب کیا تھا۔ ایف آئی اے پاکستان پوسٹ آفس میں بھرتیوں میں سنگین بے ضابطگیوں اور مبینہ بدعنوانی کی تحقیقات کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 09

ایڈوائزی کونسل، گورنر خیبر پختونخوا کی قیادت میں صوبے کے عوام کی بہتری اور خوشحالی اور صوبے میں امن وامان کے قیام کیلئے بھرپور کاوشیں یقینی بنائیں گے۔ وفاقی کابینہ نے پاکستان اور کویت کے درمیان دفاعی تعاون کے معاہدے کی توثیق کردی۔ پاکستان اور کویت کے مابین دفاعی تعاون کا معاہدہ 11 جون 2023 کو طے پایا تھا، جس کا مقصد دونوں برادر ممالک کے درمیان دفاعی شعبوں میں تعاون کا فروغ ہے، کویتی حکومت نے 19 جولائی اس معاہدے کی توثیق کی تھی۔ وفاقی کابینہ نے وزارت خزانہ کی سفارش پر نئے کرنسی نوٹوں کے ڈیزائن کی منظوری دے دی۔ کابینہ کو نئے کرنسی نوٹس پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ نئے کرنسی نوٹس کے ڈیزائن کیلیے ملک بھر سے مصوروں وڈیزائنرز سے تجاویز لی گئیں اور وزیراعظم کی جانب سے قائم کردہ کابینہ کمیٹی نے تمام اسٹیک ہولڈرز سے اس پر تفصیلی مشاورت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ جعلی نوٹوں کی روک تھام کیلئے سیکیورٹی فیچرز بڑھانے کے ساتھ ساتھ جدید میٹریل کا استعمال کیا جائیگا جس سے نوٹوں کی استعمال کی معیاد میں بھی اضافہ ہوگا۔ وفاقی کابینہ نے دس روپے کے بینک نوٹ کی جگہ دس روپے کا سکہ متعارف کرانے کی بھی منظوری بھی دے دی۔ وفاقی کابینہ نے کابینہ کمیٹی برائے حکومتی ملکیتی اداروں (CCOSOEs) کے 26 اکتوبر کے اجلاس میں لئے گئے فیصلوں کی توثیق کردی۔ وفاقی کابینہ نے کابینہ کمیٹی برائے لیجسلیٹیو کیسز (CCLC) کے 22 جنوری، 26 فروری، 5، 18 اور 27 اگست، 11 اور 22 ستمبر کے اجلاسوں میں لئے گئے فیصلوں کی توثیق کر دی

بقیہ نمبر 10

خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 5 0 مقدمات درج کرتے ہوئے 5 0 ملزمان ملزمان کو گرفتار کرکے پابند سلاسل کیا۔ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے جرائم پیشہ افراد کا تعاقب کیا جا کر انکو کیفر کردار تک پہنچانے کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے، ڈی پی او رانا عبدالوہاب کی افسران کو ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور رانا عبدالوہاب نے جدید ٹیکنالوجی پر زور دیا۔ اسی سلسلے میں جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ ماہ میں بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے اور جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 50 مقدمات درج رجسٹرڈ کئے اور گرفتار 5 0 ملزمان کے قبضہ سے 8 3 عدد پسٹل 3 0 بور، 3 0 عدد ریوالور، 7 0 عدد بندوق 12 بور، 02 عدد رپیٹر اور 137 روند برآمد کئے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، جدید تکنیکی استعارات کا استعمال جرم کو ہونے سے پہلے روک سکتا ہے۔ جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کو مانیٹر کیا جا کر انکو انجام تک پہنچایا جائے جس کے وہ مستحق ہیں۔

بقیہ نمبر 11

بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آج منعقدہ کھلی کچہری میں 20 سے زائد شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فردا فردا تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ جلد از جلد ریکوری مکمل کر کے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اور اس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

بقیہ نمبر 12

ایل اعلامیے کے مطابق ٹینڈر دسمبر اور جنوری کی سپلائی کیلیے جاری کیے گئے اور 6 نومبر تک عالمی سپلائرز سے بولیاں طلب کی گئی ہیں۔ اعلامیے کے مطابق موصولہ بڈز 6 نومبر کو ہی کھولی جائیں گی جبکہ پہلے کارگو کی ڈیلیوری 14 تا 16 دسمبر اور دوسرے کی 9 تا 11 جنوری تک ہے۔

بقیہ نمبر 13

اجلاس میں ڈویژن بھر کی مجموعی طور پر 12 ترقیاتی اسکیموں کی منظوری کے لیے تجاویز پیش کی گئیں، جن کا تخمینہ لاگت ایک ارب 33 کروڑ 14 لاکھ روپے ہے۔ کمشنر بہاولپور نے متعلقہ محکموں کو ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کی رفتار تیز کرنے اور تمام اسکیمیں مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ منصوبوں کی تکمیل کے لیے ٹائم لائن مقرر کرتے ہوئے واضح کیا گیا کہ تمام محکمے مقررہ شیڈول کے مطابق کام مکمل کریں اور ٹینڈرنگ سمیت انتظامی مراحل میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کریں۔ اجلاس میں ضلع بہاولپور میں لائبریری چوک سے ختم نبوت چوک تک 2.1 کلومیٹر طویل سڑک کی بحالی کے منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ ضلع رحیم یار خان میں ترنڈہ محمد پناہ، لیاقت پور اور جن پور کے علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی، ٹف ٹائلز کی تنصیب اور سیوریج لائنوں کے منصوبوں پر بھی غور کیا گیا۔ اکبر چوک سے یونین کونسل آفس ترنڈہ محمد پناہ تک 1.35 کلومیٹر کارپٹ روڈ کی تعمیر نو کے منصوبے کے ٹیکنیکل اور فنانشل بڈنگ کے مراحل کا جائزہ لیا گیا، جبکہ اڈہ شیدانی شریف سے چننی چوک تک 2.10 کلومیٹر سڑک کی تعمیر نو، ٹف ٹائلز اور سیوریج لائن کی تنصیب کے منصوبے کا ٹینڈرنگ عمل جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اسی طرح سادات چوک سے مریم نواز ہیلتھ کلینک جن پور تک 1.25 کلومیٹر سڑک کی تعمیر نو، ٹف ٹائلز اور سیوریج لائن کے منصوبے کی ٹیکنیکل بڈز جلد کھولنے کے احکامات جاری کیے گئے۔ ضلع بہاولنگر میں سڑکوں کی بحالی و تعمیر نو، سیوریج سسٹم کی بہتری اور پارکس کی تعمیر سمیت آٹھ ترقیاتی اسکیموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ فورماری والا روڈ سے بائی پاس ملتان چوک، بستی حافظ آباد، بستی جاتو والا اور خالد مقبول پارک روڈ تک سڑکوں کی بحالی، توسیع اور سیوریج کے منصوبوں پر عملدرآمد کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ہارون آباد اور بستی فقیر والی میں سیوریج سسٹم کی فراہمی، پارک کی تعمیر اور دیگر ترقیاتی اسکیموں کے ٹینڈرنگ مراحل جلد مکمل کرنے پر بھی زور دیا گیا۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام محکمے باہمی رابطے اور موثر حکمت کے تحت کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ منصوبوں کی بروقت تکمیل اور شفاف عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات جلد میسر آ سکیں اور انہیں بہترین بنیادی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ اجلاس میں ڈویژن کے ہسپتالوں میں ڈیپ کلیننگ یقینی بنانے، صفائی ستھرائی کا اعلیٰ معیار برقرار رکھنے اور مریضوں کو صاف ستھرا، محفوظ اور صحت مند ماحول فراہم کرنے کی بھی ہدایات جاری کی گئیں۔ کمشنر نے ہسپتالوں کے وارڈز، راہداریوں، واش رومز، بیرونی احاطوں اور دیگر عوامی مقامات کی جامع صفائی یقینی بنانے اور صفائی کے انتظامات کی باقاعدہ مانیٹرنگ کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی سہولیات کی بہتری اور صحت مند ماحول کی فراہمی کے لیے متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کریں۔

بقیہ نمبر 14

بہاولپور ڈویژن نے ایکسین ہائی ویز اصغر علی سے منصوبے کے مختلف تعمیراتی مراحل، پیش رفت اور تکمیل کے حوالے سے بریفنگ لی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سڑک کی تعمیر میں اعلیٰ معیار کا تعمیراتی میٹریل استعمال کیا جائے اور کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے پتھر ڈالنے اور بیس کی تیاری کا کام مقررہ تکنیکی معیار کے مطابق جلد مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سڑک کے اطراف شولڈرز کی مضبوط اور پائیدار تعمیر یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ ٹف ٹائلز لگائی جائیں تاکہ سڑک کی خوبصورتی میں اضافے کے ساتھ شہریوں کو بہتر سفری سہولیات بھی میسر آ سکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو تعمیراتی کام کی رفتار مزید تیز کرنے اور تمام مراحل مقررہ معیار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کہا کہ سڑک کی تعمیر میں جدید تکنیکی تقاضوں اور مقررہ ایس او پیز کو ہر صورت ملحوظ رکھا جا رہا ہے تاکہ ایک ہموار، مضبوط اور پائیدار کارپٹ روڈ تعمیر کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں ناقص میٹریل اور غیر معیاری کام کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور تعمیراتی مراحل کی مسلسل مانیٹرنگ کے ذریعے کام کے معیار اور رفتار کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 15

کرنے کے بعد انہیں وطن واپس بھجوایا جاتا ہے۔ اب تک پاکستان سے مجموعی طور پر 28 لاکھ 7 ہزار 250 جبکہ پنجاب سے 1 لاکھ 43 ہزار 474 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو واپس بھجوایا جا چکا ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ حکومت پاکستان کی واضح پالیسی کے مطابق قابل قبول ویزا کے بغیر تمام افغان شہریوں کا قیام غیر قانونی ہے۔ اس حوالے سے جاری کریک ڈاؤن کے دوران صوبہ بھر میں رہائشی علاقوں اور مارکیٹس میں 4 لاکھ سے زائد سرچ آپریشن کیے گئے۔ اس دوران پنجاب میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کو پراپرٹی کرائے پر دینے والے 803 افراد کے خلاف مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق پنجاب میں اس وقت 39 ہولڈنگ سینٹرز فعال ہیں جہاں 153 افغان شہری موجود ہیں۔ ہولڈنگ سینٹرز میں غیر قانونی افغان باشندوں کی عارضی رہائش، رجسٹریشن اور وطن واپسی کے انتظامات کیے گئے ہیں۔ غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کو طورخم بارڈر پر افغان حکام کے حوالے کیا جاتا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ یہ اعداد وشمار حکومت پنجاب کی مؤثر حکمت عملی اور فعال انتظامی اقدامات کے عکاس ہیں۔ افغان شہریوں کی واپسی کے قومی مشن میں تمام پاکستانیوں کا تعاون بھی درکار ہے۔ عوام الناس افغان شہریوں کے غیر قانونی قیام، شناخت کی جعلسازی یا مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع ایمرجنسی 15 پر دیں۔ اطلاع دینے والوں کی شناخت صیغہ ؟ راز میں رکھی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ کارروائی صرف غیر قانونی طور پر مقیم باشندوں کے خلاف کی جا رہی ہے۔ اس قومی مشن کی تکمیل کیلئے محکمہ داخلہ پنجاب کا فارن نیشنل سیکیورٹی ونگ صوبہ بھر میں مانیٹرنگ اور کوآرڈینیشن کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 16

کانسٹیٹیوشن ایونیو میں ہونے والے فراڈ کی تحقیقات کے لیے کمیٹی قائم کی تھی، جس کی رپورٹ آج کابینہ نے منظور کر لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رپورٹ میں منصوبے کا نام تبدیل کرنے کی سفارش بھی کی گئی ہے کیوں کہ ون کانسٹیٹیوشن ایونیو کا نام بھی مبینہ طور پر جعل سازی کے ذریعے حاصل کیا گیا تھا۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ ون کانسٹیٹیوشن ایونیو منصوبے میں تمام قواعد وضوابط کو نظر انداز کیا گیا، بے ضابطگیوں کے معاملے میں سی ڈی اے نے بھی کوتاہی برتی۔ احسن اقبال نے کہا کہ منصوبے سے متعلق تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، کانسٹیٹیوشن ایونیو پر پہلی عمارت وزارت خارجہ کی ہے، جبکہ ون کانسٹیٹیوشن منصوبے کے متاثرین کو معاوضہ ادا کیا جائے گا۔ اس موقع پر وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری نے کہا کہ سہولت کاری کے باعث لوگوں کو لوٹا گیا، نیب کو ریفرنس لانے کے لیے تین ماہ کا وقت دیا گیا ہے، جو لوگ لوٹے گئے ان کا کوئی قصور نہیں۔ مزید برآں وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے بتایا کہ جے آئی ٹی نے معاملے کی مزید تحقیقات کے لیے نیب کو سفارشات بھجوانے کی سفارش کی ہے، نیب میرٹ پر تحقیقات کرے گی۔

بقیہ نمبر 17

راجعون، مرحومہ کی نماز جنازہ آج بروز جمعرات صبح نو بجے جامعہ الحسنیف اسلامیہ میں ادا کی جائے گی -ادارہ نوائے احمد پور شرقیہ مولانا محمد احمد جالندھری کی صاحبزادی اور مولانا ذیشان جالندھری کی ہمشیرہ محترمہ کے انتقال پر سوگوار خاندان کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالی مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو یہ صدمہ جانکاہ برداشت کرنے کی عطا فرمائے آمین

بقیہ نمبر 18

جی پنجاب نے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق، اے ایس آئیز محمد رمضان شیخ اور اصغر علی کی ٹرانسفر سے متعلق درخواستوں پر آئی جی پنجاب نے ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو کو معاملات زیر غور لانے کی ہدایت کی۔ ریٹائرڈ ہیڈ کانسٹیبل اصغر علی کی طبی امداد کیلئے مالی معاونت کی درخواست پر اے آئی جی ویلفیئر کو ریلیف فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی۔ جونیئر کلرک الماس شکیل کی ٹرانسفر سے متعلق درخواست پر اے آئی جی ایڈمن اینڈ سکیورٹی کو معاملہ زیر غور لانے کی ہدایت کی گئی جبکہ اردلی کانسٹیبل محمد سلیم کی مالی امداد کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ہدایات جاری کی گئیں۔ ہیڈ کانسٹیبل محمد عمران کی ٹرانسفر سے متعلق درخواست پر بھی آئی جی پنجاب نے ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ ٹو کو معاملہ زیر غور لانے کی ہدایت کی۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے ڈسپلن، ایڈمن، پروموشن اور ویلفیئر سے متعلق دیگر درخواستوں پر بھی احکامات جاری کیے۔

بقیہ نمبر 19

وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور وخواجہ فرید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی رحیم یار خان پروفیسر ڈاکٹر روبینہ بھٹی پرو وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر سیدہ شاہدہ بتول وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی ملتان اور پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم وائس چانسلر گورنمنٹ صادق کالج بہاولپور خصوصی طور پر شریک ہوئے دیگر شرکاء میں پروفیسر ڈاکٹر آصف نوید رانجھا چیئرمین شعبہ سوشل ورک محمد شجیع الرحمٰن رجسٹرار نے سماجی توقعات کے نفسیاتی اثرات خاندانی ذمہ داریوں شناخت سے متعلق چیلنجز کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور اور ویمن یونیورسٹی ملتان اور یونیورسٹی آف سدرن پنجاب ملتان کے درمیان علمی تعاون تحقیق کے مواقعوں پیشہ ورانہ ترقی اور نفسیات اور متعلقہ شعبوں میں ادارہ جاتی شراکت داری کو فروغ دینے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ قبل ازیں پہلا سیشن شعبہ اپلائیڈ سائیکالوجی میں چیئرپرسن پروفیسر ڈاکٹر ثمر فہد کی سربراہی میں منعقد ہوا جنھوں نے ذہنی صحت سے متعلق آگاہی کو فروغ دینے اور معاون تعلیمی ماحول پیدا کرنے کی اہمیت پر زور دیا اور حنا سعید ڈویژنل سیکرٹری پاکستان سائیکولوجیکل ایسوسی ایشن ملتان چیپٹر اور ویمن یونیورسٹی ملتان کی لیکچرر نے کیا جبکہ پروفیسر ڈاکٹر ثروت سلطان نائب صدر پاکستان سائیکالوجیکل ایسوسی ایشن پنجاب نے طلباؤ طالبات کو ذہنی صحت نفسیاتی تندرستی اور پیشہ ورانہ مدد حاصل کرنے کی اہمیت کے بارے میں بامعنی گفتگو کی۔

بقیہ نمبر 20

اسعد محمود کے دور وزارت (2022ء تا 2023ء) کے دوران پاکستان پوسٹ آفس میں ہونے والی مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات جاری ہیں۔ نیب کے مطابق اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے پاکستان پوسٹ آفس میں 3 ہزار 938 اسامیوں پر بھرتیوں کی اجازت دی تھی، تاہم مبینہ طور پر 4 ہزار 252 افراد بھرتی کیے گئے۔ نوٹس میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ کابینہ کمیٹی کی ہدایات کے برخلاف 2 ہزار 646 ختم شدہ اسامیوں پر بھی بھرتیاں کی گئیں۔ نیب کے مطابق کنٹریکٹ بنیادوں پر ٹیسٹنگ ایجنسی کے ذریعے بھرتیوں کی سفارش کے باوجود مستقل تقرریاں کی گئیں۔ نوٹس میں جعلی اور بوگس دستاویزات، زائد العمر امیدواروں کی بھرتیوں اور ڈومیسائل کوٹے کی خلاف ورزیوں کے الزامات بھی شامل ہیں۔ نیب نے خبردار کیا ہے کہ طلبی کے نوٹس پر عمل نہ کرنے کی صورت میں قومی احتساب آرڈیننس 1999ء کی دفعہ 31 کے تحت قانونی کارروائی کی جا سکتی ہے۔ دوسری جانب وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے اینٹی کرپشن سرکل اسلام آباد نے بھی اسعد محمود کو طلبی کا نوٹس جاری کیا تھا۔ ایف آئی اے نے انہیں 2 نومبر کو صبح 11 بجے پاکستان پوسٹ آفس میں بھرتیوں سے متعلق مبینہ سنگین بے ضابطگیوں اور بدعنوانی کی تحقیقات کے سلسلے میں بیان ریکارڈ کرانے کے لیے طلب کیا تھا۔

بقیہ نمبر 21

کردہ پہلے ایف اے اے زیڈ (AZ'FA) ایئرٹو ایئر میزائل کا کامیاب فلائٹ ٹیسٹ ملکی دفاعی خود مختاری کی جانب ایک تاریخی کامیابی ہے۔ بدھ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں، سائنسی مہارت اور خود انحصاری کے حوالے سے ایک قابل فخر سنگ میل ہے۔ اس سے پاکستان ایئر فورس کی آپریشنل صلاحیتوں کو مزید تقویت ملے گی جبکہ ملکی دفاعی صنعت کی تکنیکی ترقی اور پاکستانی سائنسدانوں اور انجینئرز کی انتھک محنت بھی نمایاں ہوتی ہے۔ بیرسٹر دانیال چوہدری نے ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے میں کردار ادا کرنے والے سائنسدانوں، انجینئرز اور افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر 22

بحالی صوبہ بہاولپور سید غلام مجتبیٰ بخاری اور ارشاد احمد شادہ بھی موجود تھے اکرم انصاری نے کہا کہ اسی طرح دوسرا ریفرنڈم 1970 کے انتخابات جس میں NW 100 میں میاں نظام الدین حیدر نے کامیابی حاصل کی 68,062 ووٹ حاصل کیے ان کے مخالف امیدوار سردار محمد اسلم خان جلوانہ نے 21,586 ووٹ حاصل کیے پیپلز پارٹی کے ملک جعفر نے 25,358 ووٹ حاصل کیے اور NW-101 شہزادہ سعید الرشید عباسی نے 99,640 ووٹ حاصل کیے مخالف امیدوار 25,024 ووٹ حاصل کیے NW- 103 میں سید رفیق شاہ نے 44,322 ووٹ حاصل کیے NW-105 میں خواجہ جمال محمد کوریجہ نے 62,481 ووٹ حاصل کیے مخالف حافظ سراج احمد نے 25,301 ووٹ حاصل کیے جبکہ NW-107 میں مخدوم نور محمد نے 54,965 ووٹ حاصل کیے جبکہ مخالف مخدوم سید حسن محمود نے 48,538 حاصل کیے اسی طرح صوبائی اسمبلی کے 16 نشستوں میں سے 10 نشستیں متحدہ محاذ نے حاصل کی جس میں سید تابش الوری نے PP-163 سے 25,680 ووٹ حاصل کیا جبکہ مخالف امیدوار موسی سعید نے 9,451 ووٹ حاصل کیے اسی طرح دوسرے امیدوار بھی بھاری اکثریت سے کامیاب ہوئے تیسرا ریفرنڈم 11 اپریل 2011 کو ہوا جہاں صادق گڑھ پیلس میں اپنا فیصلہ سنا دیا تھا محمد اکرم انصاری نے کہا کہ 1970 کے بعد سے لے کے اب تک بہاولپور صوبے کا جس طرح استحصال کیا جا رہا ہے اس کی مثال نہیں ملتی ہرانے والے قومی وصوبائی الیکشن میں سیاست دان بہاولپور صوبے کو بحال کرانے کا راگ الاپ کرتے ہیں مگر وہ ان کے جھوٹے وعدے ثابت ہوتے ہیں اب جب کہ بہاولپور صوبے کی بحالی کا نوٹیفکیشن ہونا ہے تو ہر سیاستدان اپنا قد کاٹھ بڑھانے کے لیے اپنے بیانات داغ رہے ہیں

بقیہ نمبر 23

ریٹائرڈ حوالدار کے گھر پہنچ گئیں اور اپنی چھت، اپنا گھر کے تحت بننے والے مکان کا علامتی افتتاح کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ریٹائرڈ حوالدار اعتبار شاہ کے اہل خانہ سے ملاقات کی اور انہیں نئے گھر کی مبارکباد پیش کی۔ ریٹائرڈ حوالدار اعتبار شاہ نے اپنی چھت، اپنا گھر کے تحت مکان بنانے کی روداد سنائی اور کہا کہ پلاٹ تھا اور گھر بنانے کیلئے غیبی امداد کا منتظر تھا، اللہ نے اپنی چھت اپنا گھر کے تحت 15 لاکھ دیئے اور گھر بن گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نیا گھر بننے کی خوشی میں اعتبار شاہ اور ان کی فیملی کو تحائف بھی پیش کیے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ریٹائرڈ حوالدار اعتبار شاہ سے کھانا کھلانے کی فرمائش کی جس پر بھنڈی اور دال کا سالن پیش کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے رغبت سے ریٹائرڈ حوالدار اعتبار شاہ کے گھر کھانا کھایا اور سادہ کھانے کی لذت کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اعتبار شاہ اور اہل خانہ جذباتی ہوگئے۔

بقیہ نمبر 24

کا شاندار پروگرام کامیابی سے جاری ہے جو دسمبر کے آخر تک رہے گا، ایل این جی کی درآمد سے اربوں روپے کمانے والے مافیا کا دور ختم ہو چکا ہے، خیبر پختونخوا کے لئے 160 ارب روپے کا ترقیاتی پیکیج دیا گیا ہے، دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے وفاقی وصوبائی حکومتیں سیکورٹی اداروں کے ساتھ مل کر بھرپور اقدامات کریں گی۔ بدھ کو وفاقی کابینہ کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ اس وقت دنیا میں تیل کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، اس کی بڑی وجہ خطے میں بدامنی ہے، پاکستان امن قائم کرنے کے لئے پہلے کی طرح اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، گزشتہ ہفتے میں پاکستانی وفد نے دوبارہ تہران کا دورہ کیا، فیلڈ مارشل عاصم منیر بھی تہران گئے جہاں پاکستان، سعودی عرب، ایران اور ترکیہ کے اعلیٰ حکام کے درمیان بات چیت ہوئی، وہاں پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان معاہدے کے حوالے سے بھی اچھے ماحول میں گفتگو ہوئی کہ کس طرح خطے میں باہمی ہم آہنگی کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں فیول سبسڈی کا شاندار پروگرام کامیابی سے جاری ہے جو دسمبر کے آخر تک رہے گا، ڈیڑھ کروڑ افراد نے ٹوکن استعمال کئے ہیں اور اگر پانچ افراد پر مبنی کنبہ ہو تو کم از کم ساڑھے سات کروڑ افراد مستفید ہو چکے ہیں، حکومت نے توانائی کی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ عام آدمی پر نہیں پڑنے دیا، جمعہ کو عالمی مارکیٹ میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کی وجہ سے پٹرول کی قیمت میں 15 روپے فی لٹر اضافے کا بوجھ عوام پر نہیں ڈالا گیا بلکہ وزیر پٹرولیم اور ان کی ٹیم نے ریفائنریز کے ساتھ اہم بات چیت کی اور انہیں کہا گیا کہ یہ بوجھ عوام پر ڈالنے کی بجائے وہ برداشت کریں، اس پر وزیر پٹرولیم اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ خطے کے حالات کی وجہ سے عالمی سطح پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونے والے اضافہ کے پیش نظر عوامی ریلیف کیلئے فیول سبسڈی سکیم کا اجرا کیا گیا جس سے اب تک ساڑھے سات کروڑ افراد مستفید ہو چکے ہیں اور اس مد میں تقریباً 28 ارب روپے کی سبسڈی دی جا چکی ہے، یہ پروگرام انتہائی کامیابی اور شفاف طریقے سے آگے چل رہا ہے، اس پر متعلقہ حکام نے پوری نظر رکھی ہوئی ہے، کچھ پٹرولیم پمپوں سے اس سکیم کے تحت گڑ بڑ کی اطلاعات بھی موصول ہوئی ہیں تاہم اس پر مکمل نظر ہے اور ان کے خلاف بھرپور کارروائی ہوگی۔ انہوں نے وزیر پٹرولیم کو ہدایت کی کہ وہ ایسے پٹرول پمپوں کو بند کریں، انہیں سزا دی جائے تاکہ یہ عبرت پکڑیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اسی طرح ہم نے ایل این جی مافیا جنہوں نے اس کی درآمد سے اربوں روپے کمائے، اس سے کئی دہائیوں بعد چھٹکارا حاصل کیا ہے اور اب مافیا کا دور ختم ہو چکا ہے، اب مسابقت اور شفافیت کے ساتھ ایل این جی کی درآمد اور اس کا انتظام کیا جا رہا ہے، پی ایس او اور پارکو جیسے سرکاری اداروں کے ذریعے امور کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نائب وزیراعظم، وزیر توانائی اور وزیر خزانہ سمیت ان کی پوری ٹیم کو شاباش دیتے ہیں کہ کئی دہائیوں بعد یہ کفر خدا خدا کر کے ٹوٹا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایل این جی کی درآمد میں مسابقت ہوگی اور مقامی ایل این جی کی لاٹ میں نیلامی ہوگی اور اس کا منافع حکومت عوام تک سبسڈی دے کر پہنچائے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ روز خیبر پختونخوا کیلئے ترقیاتی پیکیج دیا گیا ہے جس کی مالیت 160 ارب روپے ہے اور اس میں سکیورٹی کو مقدم رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں کثیر تعداد میں دہشت گرد مارے گئے ہیں، وہاں پر دی جانے والی عظیم قربانیوں کے نتیجہ میں آ کی مدد اور فورسز کی بھرپور کاوشوں سے اس کا خاتمہ ہوگا، صوبے میں اس وقت کی حکومت اور وفاقی حکومت باہمی تعاون سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر دہشت گردی کا سر کچلیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ خیبر پختونخوا پاکستان کا خوبصورت ترین صوبہ ہے جہاں کے بسنے والے غیور اور بہادر لوگ کئی دہائیوں سے دہشت گردی کا مقابلہ کر تے آ رہے ہیں وہاں پر بڑی شہادتیں ہوئی ہیں، بلوچستان میں بھی ایک عرصہ سے دہشت گردی کا سامنا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ 2018ء میں دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کر دیا گیا تھا تاہم بدقسمتی سے دہشت گردی نے دوبارہ سر اٹھایا ہے، انشاء اللہ اب اس کا قلع قمع ہوگا اور پوری قوم کی دعاؤں سے اس سے نجات ملے گی۔ وزیراعظم نے موسم سرما کی آمد پر درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کے حوالے سے بتایا کہ بحری راستوں میں درپیش حائل رکاوٹوں کے حوالے سے ہر دوسرے، تیسرے دن ان چیلنجز پر غور کرنے کیلئے اجلاس منعقد ہوتا ہے اور اس میں فیول اور ایل پی جی سمیت دیگر ذرائع کی دستیابی اور فراہمی کے حوالے سے بات چیت کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس حوالے سے قوم کو آگاہ کرنا چاہتے ہیں کہ ہم انسانی حد تک اپنی پوری کوشش کریں گے کہ ایل پی جی اور پٹرولیم مصنوعات کی درکار طلب ان تک باہم پہنچائی جائیں، بجلی کے کارخانے چلتے رہیں، اس کے ساتھ ساتھ بڑھتی ہوئی قیمتوں کے دباؤ کو بھی پوری محنت کاوش سے کنٹرول میں رکھیں گے، بھرپور کاوش ہوگی کہ کوئی مشکلات درپیش نہ ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کو گروپ آف 24 کی چیئرمین ملنے پر کابینہ کے پلیٹ فارم سے ایک مرتبہ پھر مبارکباد پیش کرتے ہیں، ہمیں پورا یقین ہے کہ اللہ تعالی نے پاکستان کو جو عزت اور ذمہ داری عطاء فرمائی ہے وہ پوری محنت سے وہاں ہر فورم پر اپنا کیس پیش کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے گزشتہ روز فضا سے فضا میں مار کرنے والے میزائل کا کامیاب تجربہ کیا ہے، جس پر پوری قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، اس کامیابی کا سہرا فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور ان کی پوری ٹیم، تمام اداروں اور شخصیات کو جاتا ہے جنہوں نے ان کی لیڈرشپ میں یہ کامیاب تجربہ کیا۔ اس موقع پر وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے ایل پی جی کی درآمد کے حوالے سے انتظامات کے حوالے سے آگاہ کیا۔

بقیہ نمبر 26

رابطے کر کے عوام کی پریشانی اور مشکلات سے آگاہ کر کے گرین بس کا سٹاپ بحال کروانے میں اہم کردار ادا کیا وہ تمام مبارکباد کے مستحق ہیں دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ایک بہت ہی اہم مسئلہ پر توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں قیام پاکستان سے اب تک پولیس چوکی اور تھانہ سمہ سٹہ قائم تھا ابھی کچھ عرصہ قبل تھانہ سمہ سٹہ کی بلڈنگ (ccd) کے حوالے کر کے تھانہ سمہ سٹہ کو مسافر خانہ شفٹ کر دیا گیا جو سمہ سٹہ کے عوام کے حقوق غصب کر کے بہت بڑی زیادتی اور ناانصافی کی ہے اپنے حقوق لینے کے لیے اسی طرح اتحاد و اتفاق سے سوشل میڈیا یا احتجاجی ریلی اور با اثر سیاسی شخصیات (MPA) (mna) آئی جی پنجاب پولیس (dpo) (RPO) صاحبان سے اہلیان سمہ سٹہ پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ تھانہ سمہ سٹہ کو واپس اپنی جگہ منتقل کر کے تھانہ سمہ سٹہ کی حدود و دیگر مواضعات کے عوام کو انکا حق دیگر سہولت میسر کی جائے

بقیہ نمبر 27

مطابق متاثرہ بچے کی شناخت افان ولد محمد عباس، عمر تین سال، سکنہ جھانگڑہ شرقی کے نام سے ہوئی ہے۔ بچے کے والد کے مطابق واش روم کی صفائی کے لیے استعمال ہونے والا تیزاب کولڈ ڈرنک کی بوتل میں رکھا ہوا تھا، جسے بچے نے اٹھا کر نامعلوم مقدار میں پی لیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچی اور متاثرہ بچے کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ ریسکیو رپورٹ کے مطابق بچے کو مزید طبی امداد کے لیے منتقل کیا جا رہا ہے

☆☆☆

☆☆☆☆☆

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ